# خاندان کی رہبر:
# عقائد کے اختلاف کو تسلیم کرنا اور ان کا احترام کرنا
## عقائد کی ہم آہنگی کی رہنما2021

## قبول کرنا ہم جو بھی ہیں

ڈی ایس بی این یقین رکھتی ہےکہ مختلف ہو ناطاقت اور جدت کا سر چشمہ ہے اور ہماری درس گاہیں طلبا ءکے تجربات ، احساسات ،اور انفرادیت کو قبول کرتی ہیں اور ان کی قدر کرتی ہیں۔ہر شخص کی ایک کہانی ہے۔ان کہانیوں کی شراکت کے ذریعہ ہم برادری ، ان کی پہچان ، عقائد اور پس منظر کے بارے میں جان سکتے ہیں جو کے طلباءکے تجربات کو سمجھنے میں ایک طاقتور عدسہ ثابت ہو سکتا ہے۔ان کہانیوں کا جاننا برادرانہ احساسات کی نشو ونماکر تا ہے جہاں سیکھنے کے مساوی حالات کی پرورش کی جا سکتی ہے، اور تمام آراءکے اظہار کو خوش آمدید کیا جاۓ۔

نیاگرا ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ تسلیم کرتاہے کہ جس زمین پر اسکول بورڈ اور اسکول قایئم ہیں ، روایاتی طور پر ہاڈینو سانی اور انی شینابی لوگوں کے علاقے ہیں، ان میں بہت سے لوگ آج بھی یہاں رہ رہے ہیں اور کام کرتے ہیں۔اس علاقے پر بالایئ کینیڈا معاہدوں کا اطلاق ہوتا ہے اور اس زمین کا حصہ ڈش ود ون اسپون وامپم معاہدے کے زیرِ حفاظت ہے۔آج یہ علاقہ بہت سے فرسٹ نیشن ، میٹس، اور انیوٹ لوگوں کا گھر ہےاور اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہوۓ ہم یاد کرتے ہیں کہ ہمارا اعلی معیارِ زندگی مقامی لوگوں کے وسائل اور دوستی سے براہِ راست تعلق رکھتا ہے۔

## اس کتابچہ کا مقصد

طلباء، خاندانوں اور کمیونٹیز کے تعاون قائم کرنے کے لیے پرعزم ہے تاکہ مساوی اور جامع اسکول اور سیکھنے کی جگہیں بنائیں جو قبولیت کو فروغ دیں اور تمام طلبہ کے مذہبی اور مسلکی حقوق کا تحفظ کریں۔

ڈی ایس بی این طلباؑ ، خاندان اور برادری ایسی درس گاہیں اور حصولِ علم کی فضاؑ قائم ہو جو قبولیت اور رضا مندی کو فروغ دیں اور تمام طلبا ء کے مذہبی اور
عقائد کے حقوق کی حفاظت کریں مسلکی

ان ذرائع کو ترقی دی گیئ ہے تاکہ خاندان عقائد کو تسلیم کرنے کے عمل کو سمجھ سکیں اور اسکول کی شراکت میں سر گرم عمل ہو کر مذہبی اور عقائد سے متعلقہ قبولیت کا باعث بنیں۔اس رہبرِ خاندان کے علاوہ ایک اضافی انتظامی رہبر برائے قبولیتِ عقائد بھی ہے تاکہ خاندان اور اسکول ساتھ کام کر سکیں۔ان شراکت داریوں سے ایک مساوی تعلیمی نظام کی حمایت کرنے میں مدد ملے گی جو تمام طلبا ء کے لئے مثبت نتائج پیدا کرنے کے لئے منصفانہ، نسل پرستی مخالف اور جامع تعلیم کے اصولوں کی پاسداری اور عکاسی کرتا ہے۔

خاندانوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بچے کے مذہبی اور مسلکی عقائد کے لئے قبولیت پر تبادلۂ خیال کرنے کے لئے اپنے اسکول سے رابطہ کریں۔ یہ گفتگو اسکول کمیونٹی میں آپ کے عقائد اور طریقوں کے بارے میں آگاہی اور تفہیم لانے میں مدد کرتی ہے۔

## عقیدہ کیا ہے ؟

عقائد میں وسیع تر معنوں میں مذہب شامل ہے۔ عقائدمیں غیر مذہبی عقیدے کے نظام بھی شامل ہو سکتے ہیں جو مذہب کی طرح کسی شخص کی شناخت، عالمی نقطہ نظر اور طرز زندگی پر کافی حد تک اثر انداز ہوتے ہیں۔

اونٹاریو انسانی حقوق کی پالیسی مندرجہ ذیل خصوصیات اس مناسبت سے فراہم کرتی ہے جیسا کہ اس بات پر غور کرتے وقت کہ کیا اعتقاد اور یقین کا نظام ایک عقیدہ ہے۔

عقیدہ

- خلوص اور سچائ، آزادی اور گہرائی رکھنے والا
- کسی شخص کی شناخت، خود تعریف اور تکمیل سے لازمی طور پر جڑا ہوا ہے
- ایک خاص اور ، جامع نظام عقیدہ ہے جو اپنے طرز عمل اور طریقوں کو چلاتا ہے
- انسانی وجود کے حتمی سوالات کو حل کرتا ہے، جس میں زندگی، مقصد، موت اور کسی خالق کے وجود یا عدم وجود اور/یا وجود کی اعلی یا مختلف ترتیب کے بارے میں خیالات شامل ہیں۔

## عقا ئدپر مبنی ہم آہنگی کیا ہے؟

مذہب کی بنیاد پر یکساں سلوک کرنے اور اپنے انتخاب کے مذہب کے عقائد کو آزادانہ طور پر رکھنے اور ان پر عمل کرنے کے حقوق اونٹاریو میں بنیادی انسانی حقوق ہیں، جو اونٹاریو انسانی حقوق کے ضابطہ اور کینیڈین چارٹر آف رائٹس اینڈ فریڈمز کے ذریعہ محفوظ ہیں۔

اس حق کے تحفظ کے لئے اسکول خاندانوں کے ساتھ مل کر کام کریں گے اور ہم آہنگی پیدا کریں گے جب اسکول کے طریقوں سے متعلق مسائل یا خدشات کسی طالب علم کے عقائدپر مبنی یقین سے متعلق ہوں گے۔ مل کر مناسب اور معقول مطابقت کی منصوبہ بندی کی جائے گی۔

( او ایچ آر سی پالیسی برائے عقائد پر مبنی تفریق 2015)

## : رہنما اصول

مطابقت فراہم کر نے کا فرض حالات کے پیش نظر سب سے مناسب مطابقت فراہم کرنے سے زیادہ ہےیہ انفرادی ضروریات کا جائزہ لینے اور مناسب حل تلاش کرنے کے لئے بامعنی، نیک نیتی کے عمل میں مشغول ہونے کے بارے میں بھی ہےـکسی بھی جز کو مناسب طریقے سے انجام دینے میں ناکامی تفریقی ہوسکتی ہے۔

عقاید کو جگہ دینے کے لئے کوئی مقررہ نسخہ نہیں ہےہم تسلیم کرتے ہیں کہ ہر خاندان کی ضروریات منفرد ہیں اور یہ جاننے کے لیئے بات چیت ضروری ہے کہ درخواست کو کس طرح بہتر طریقے سے منظوری دی جائےـاس کا مقصد یہ ہے کہ منظوری کا عمل مؤثر اور با عزت ہو اور درخواست گزار خاندان اور طالب علم کے وقار کا احترام کیا جائے۔

عزت و وقار، انفرادیت اور شمولیت کے درج ذیل رہنما اصولوں کے مطابق عقیدے کو جگہ دی جائے ،تسلیم کیا جائے اور منظوری فراہم کی جائے گی۔

## احترام اور وقار

- تمام افراد کے لئے وقار، قبولیت اور احترام کا ماحول پیدا کرنا اور برقرار رکھنا۔
- طلباء کو امتیازی سلوک اور ہراساں کرنے سے پاک غیر فیصلہ کن طریقے سے عقائدکی آزادی فراہم کی جائے۔
- تمام افراد کی صحت، حفاظت اور سلامتی کا تحفظ اور فروغ دیا جائے
- تمام افراد کی ذاتی معلومات اور رازداری کی حفاظت کریں

## انفرادیت

- ہر طالب علم اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ مل کر کام کریں تاکہ طالب علم کے عقائد کی آزادی کے بارے میں کوئی ضروری اور متعلقہ معلومات اکٹھی ہوں اور ان کا باہم تبادلہ کیا جا سکے۔
- طلبا ء اور ان کے اہل خانہ کو ضرورت کے مطابق عقیدےکی ہم آہنگی کی منصوبہ بندی، نفاذ اور جائزہ میں حصہ لینے کے مواقع فراہم کریں تاکہ ضروری تبدیلی عمل میں لائ جاۓ۔

## شمولیت

- ایک ایسا ماحول فراہم کرنا جو جامع ہو اور عقایٔد پر مبنی رکاوٹوں سے پاک ہو
- معاونت کا جال بنانے اور برقرار رکھنے کے لئے طلباء ، خاندانوں، عقیدے کے رہنماؤں اور دیگر متعلقہ فریقین سے مشاورت اور انہیں مصروفِ عمل کرنا۔

## میں اپنے بچے کے اسکول کو یہ سمجھنے میں کیسے مدد کر سکتا ہوں کہ میرے خاندان کو کیا ضرورت ہے؟

خاندانی مشغولیت خاندانوں اور اسکولوں کے درمیان تعلقات استوار کرنے کا ایک اہم حصہ ہے۔ یہ شراکت داریاں آپ کے بچے کی تعلیمی ضروریات کی معاونت کے لئے کھلے مواصلات اور اشتراک کو فروغ دیتی ہیں ہم آپ سے سننا چاہتے ہیں۔ خاندانوں کی آراء کی قدر کی جاتی ہے، اور ڈی ایس بی این خاندانوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہےکی وہ :

## متحرک رہیں

اسکول کے سال کے آغاز میں :

- اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں اور اپنے بچے کے استاد یا پرنسپل سے کسی بھی عقیدہ پر مبنی اجازت کے بارے میں بات کرنے کے لئے ملاقات کریں جس کی آپ کے بچے کو ضرورت پڑ سکتی ہے (مثال کے طور پر رسم و رواج کی تعمیل کے لیۓ اسکول سے غیر حاضری)
- اسکول کو تاریخوں اور/یا تشویش کے شعبوں کی فہرست فراہم کریں تاکہ بروقت اجازت فراہم کی جا سکے۔
- پرنسپل گفتگو کا ریکارڈ رکھیں گے اور مزید سوالات کے لئے آپ سے رابطہ کریں گے اور ضرورت پڑنے پر پورے سا ل کے دوران عقائد کی بنیاد پر اجازات کا جائزہ لیں گے۔

## تعاون کریں

اپنی مذہبی یا عقیدےپر مبنی ضروریات کو سمجھنے کے لئے اسکولوں کے ساتھ کام کرنا آپ کے طریقوں اور یادگار تجربات کی فہم پیدا کرتا ہے۔

## بات چیت کریں

اسکول کو کسی بھی مسئلے یا خدشات سے آگاہ کریں۔ آپ کی معاونت کے لئے دستیاب لوگ آپ کے بچے کے استاد، سیٹلمنٹ ورکر ان اسکولز (ایس ڈبلیو آئی ایس) کے ساتھ ساتھ آپ کے اسکول کے پرنسپل بھی ہیں۔ اگر آپ ہم آہنگی کے عمل سے مطمئن نہیں ہیں تو باہمی طور پر متفقہ تجویز تک پہنچنے کے لئے پرنسپل کے ساتھ اپنے خدشات کا جائزہ لیں۔

## عقیدے کی بنیاد پر اجازت حاصل کرنے کا درخواست فارم

براہ کرم عقیدے پر مبنی مراعات حاصل کرنے کا درخواست فارم مکمل کرنے میں معاونت کے لئے اپنے اسکول سے رابطہ کریں۔ اس فارم سے اسکولوں کو عقیدے پر مبنی رعایت کی درخواست کی حمایت کرنے میں مدد ملے گی۔ یہ فارم طلباء کے والدین/سرپرستوں (یا 16 سال یا اس سے زیادہ عمر کے طلباء) کے ذریعہ مکمل کیا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ، خاندان

اسکول کو کال کرنے کا انتخاب کرسکتے ہیں اور اپنے عقیدہ پر مبنی چھوٹ حاصل کرنے کی درخواست کے بارے میں بات چیت کرسکتے ہیں۔

# عقیدہ کی بنیاد پر مراعات کے حصول کی درخواست کا عمل

